ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔ 021-99212639

کانسٹیبل زاہد عظیم کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔

کراچی 18 جولائی 2019:۔

تھانہ مدینہ کالونی کی حدود سیکٹر اے تھری میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے شہید ہونے والے کانسٹیبل زاہد عظیم کی نماز جنازہ پولیس ہیڈکوارٹر گارڈن ساؤتھ میں ادا کردی گئی اس موقع پر پولیس کے خصوصی دستے نے شہید سلام پیش کیا اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔

نماز جنازہ میں آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام، ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن سمیت زونل ڈی آئی جیز ضلعی ایس ایس پیز کراچی دیگر سینئر پولیس افسران، سیکٹر کمانڈر رینجرز/ رینجرز افسران کے علاوہ شہید اہلکار کے ورثاء، لواحقین/ دوست احباب/ اہلیان علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ شہید کانسٹیبل تھانہ سعید آباد میں تعینات تھا۔

آئی جی سندھ نے شہید اہلکار کے ورثاء سے تعزیت اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ پولیس کے لیئے اسکی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا اور والدین کو یقین دہانی کرائی کہ واردات میں ملوث ملزمان جلد قانون کی گرفت میں ہونگے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔